اُردو سلیبس ایچ ایس ایس سی-I

Version No.	1	8	5	5

وقت: 25 منٹ   حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر 1: مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) اہلِ بیت کی تعریف کو کیا کہتے ہیں؟
A قصیدہ B منقبت C نعت D مدح

2) احمد علی شوق قدوائی کی شاملِ نصاب نظم کون سی ہے؟
A آمدِ بہار B حُبِ وطن C آسمان اور تارے D مردِ مجاہد

3) اُردو کے کون سے شاعر ریٹائرڈ سیشن جج تھے؟
A علّامہ اقبال B نظیر اکبر آبادی C اکبر الہٰ آبادی D مولانا الطاف حسین حالؔی

4) مولوی محمد حسین آزاد نے کس سال وفات پائی؟
A 1907ء B 1908ء C 1909ء D 1910ء

5) ''حجِ اکبر'' کس مصنف کا تحریر کردہ افسانہ ہے؟
A پریم چند B ڈپٹی نذیر احمد C مولوی عبدالحق D پطرس بخاری

6) پطرس بخاری کا اصل نام کیا تھا؟
A سیّد احمد شاہ B سیّد محمد شاہ C سیّد محمود شاہ D سیّد محمد بادشاہ

7) مولانا محمد علی جوہر نے ہندوستانی طلبہ کی مجلس کس نام سے شروع کی؟
A کامریڈ B نونہال C نورتن D جامعہ ملیہ

8) سید میر معصوم شاہ کا سلسلۂ نسب کس امام سے ملتا ہے؟
A امام موسیٰ کاظمؒ B امام احمد بن حنبلؒ C امام ابوحنیفہؒ D امام جعفر صادقؒ

9) امتِ مسلمہ کے قومی کردار کی بنیاد کس پر ہے؟
A اتفاق B تنظیم C ایمان D جدوجہد

10) نظم ''آدمی نامہ'' کی ہیئت کیا ہے؟
A قطعہ B مسدس C مخمس D رباعی

11) ـــــ یہ سلسلہ جہاں کا
دنیا کے گلستاں کا ـــــ یہ شعر کس کا ہے؟
A میر انیس B حفیظ جالندھری C مولانا حالی D شوق قدوائی

12) لفظ ''ممنون'' قواعد کی رُو سے کیا ہے؟
A فاعل B اسم فاعل C اسم مفعول D اسم صفت

13) ع کھلے ہیں پھول لالے کہ انگارے دہکتے ہیں ـــــ اس مصرعے میں ''انگارے'' کیا ہے؟
A مشبہ B مشبہ بہٖ C حرفِ تشبیہ D غرضِ تشبیہ

14) ''وہ آتے تو کام بن جاتا''۔ اس جملے میں حرف ''تو'' کس قسم سے تعلق رکھتا ہے؟
A حرفِ تاکید B حرفِ جزا C حرفِ شرط D حرفِ تردید

15) ''ٹھنڈا پانی'' کون سا مرکب ہے؟
A مرکبِ عطفی B مرکبِ اضافی C مرکبِ توصیفی D مرکبِ جاری

16) نصوح کو کون سا مرض لاحق ہوا؟
A ملیریا B ہیضہ C ٹائیفائڈ D یرقان

17) مغل بادشاہوں نے تقریباً کتنے سال جنوبی ایشیا پر حکومت کی؟
A 50 سال B 100 سال C 200 سال D 300 سال

18) مولانا محمد علی جوہر نے کس اسلامی مہینے میں وفات پائی؟
A ربیع الاوّل B شعبان C ذیقعد D ذوالحج

19) ـــــ تعجب کیا جو ہیبت سے خزاں کے منہ پہ زردی ہے
کہ وہ فوج اس پہ غالب آئی جس کی سبز وردی ہے ـــــ اس شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
A صنعتِ حسنِ تعلیل B صنعتِ مبالغہ C صنعتِ تجنیس D صنعتِ تضاد

20) ''اُردو کا ستارہ ایک روز ایشیا میں ضرور چمکے گا''۔ یہ قول کس کا ہے؟
A علامہ اقبالؒ B سرسید احمد خان C مولوی عبدالحق D مولانا محمد علی جوہر

اُردو سلیس ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے

کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوم (کُل نمبر 20)

سوال نمبر۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (5x4=20)

(i) علامہ اقبال نے اسلام کی کیا خدمت کی؟

(ii) نظم ''آسمان اور تارے'' میں آسمان کو ''سقفِ ایوان'' کیوں کہا گیا ہے؟

(یا)

محمد علی جوہر کی علمی قابلیت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(iii) شہادت اور شہید کا کیا مطلب ہے؟

(iv) مندرجہ ذیل اسموں کے واحد جمع لکھیں۔

صاحب ، صنعت ، عقائد ، افراد

(v) مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے چار الفاظ ومحاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔

خوش نما ، کلام ، راس آنا ، ترکش ، شکم سیر ہونا

حصہ سوم (کُل نمبر 60)

سوال نمبر۳: سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+6=8)

الف۔ اوّل تو دو شخص کراماً کاتبین اِس بَلا کے ہیں کہ میرا کوئی فعل اُن سے مخفی نہیں۔ جتنی باتیں کہتے ہیں پتے کی اور کہتے کیا ہیں میرا روزنامچہ عمری لکھتے گئے ہیں۔ اب جو میں اس کو دیکھتا ہوں تو حرف بحرف صحیح اور درست پاتا ہوں۔ دوسرے یہی اعضاء ہاتھ، پاؤں، آنکھ، کان کوئی میرے کہنے کا نہیں۔ سب کے سب مجھ سے منحرف ہیں۔ سب کے سب مجھ سے برگشتہ، میری مخالفت پر آمادہ میری تذلیل پر کمربستہ ہو رہے ہیں۔

ب۔ پہاڑی کی ابتدائی منزل سے اس کی بُلند چوٹی تک جا بجا چمن لہلہا رہے تھے۔ مُرادوں اور آرزوؤں کے گُل ہر طرف کِھل رہے تھے۔ ہر ایک جگہ خوشی وانبساط کے سامان تھے۔ اذن عام تھا کہ مسافر جس طرح چاہے، استعمال کرے کسی طرح کی روک ٹوک نہ تھی۔ اِن سے فائدہ اٹھانا محض مسافر کی عقل اور خواہش پر منحصر تھا۔ مگر حیف کہ میں اس منزل سے آنکھیں بند کیے چلا آیا۔

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (8)

الف۔
قوم کی عزت اب ہنر سے ہے
علم سے یا کہ سیم و زر سے ہے
کوئی دن میں وہ دور آئے گا
بے ہنر بھیک تک نہ پائے گا

ب۔
بے گانہ یہاں پر اک یگانہ دیکھا
اپنے مطلب کا سب زمانہ دیکھا
جس کو دیکھا غرض، غرض کا اپنی
دنیا کا عجیب کارخانہ دیکھا

سوال نمبر۵: اپنے دوست کو خط لکھ کر اُسے چھٹیوں میں اپنے یہاں آنے دعوت دیں۔ (9)

(یا)

اپنی چھوٹی بہن کو خط لکھ کر اُسے پڑھائی پر توجہ کی تلقین کریں۔

سوال نمبر۶: اپنی کتاب سے پانچ اشعار زبانی یاد لکھیے۔ اِس پرچہ میں درج اشعار نہ ہوں۔ (5)

سوال نمبر۷: دو دوستوں کے درمیان بڑھتی ہوئی مہنگائی پر مکالمہ لکھیے۔ (5)

سوال نمبر۸: درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (5)

(i) اُردو کی کہانی (ii) جیسی کرنی ویسی بھرنی

سوال نمبر۹: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں جو 250 الفاظ سے کم نہ ہو: (20)

(i) پابندیِ وقت (ii) سیلاب کی تباہ کاریاں

(iii) علامہ اقبالؔ، قومی شاعر (iv) طالب علم اور قومی ترقی